**14.03.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کولکاتہ میں سڑکوں، ریلویز اور بندرگاہوں سے وابستہ تقریباً 18ہزار 700 کروڑ روپئے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔
☆ وزیر اعظم نے کولکاتہ کے تاریخی بریگیڈ پریڈ گراؤنڈ پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے حکمراں ترنمول کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ اپنا دائرہ بڑھانے کی خاطر دراندازوں کی سرپرستی کر رہی ہے۔
☆ سرکار نے ملک میں مناسب مقدار میں ڈیزل اور پیٹرول کے دستیاب ہونے کا یقین دلایا ہے اور لوگوں سے کہا ہے کہ وہ گھبراہٹ میں LPG سلنڈر کی بکنگ کرنے سے گریز کریں۔
☆ 92ہزار میٹرک ٹن LPG کے ساتھ دو بھارتی بحری جہازوں نے آبنائے ہرمز کو پار کرلیا ہے اور اِن بحری جہازوں کے اگلے ہفتے کے شروع میں گجرات کی بندرگاہوں پر پہنچنے کی امید ہے۔
☆ مغربی ایشیا محاذ آرائی تیسرے ہفتے میں داخل ہوگئی ہے۔ امریکہ نے ایران کے کلیدی اہمیت کے حامل Kharg جزیرے پر بڑا حملہ کیا ہے۔
☆ نئی دلّی میں ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس گراں پری میں بھارت نے سونے کے 75تمغوں سمیت مجموعی طور پر 208 تمغے جیتے۔
☆ اور چار بھارتی مُکّے باز بینکاک میں ورلڈ باکسنگ Futures کپ کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Rev. PM Kolkata Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مغربی بنگال میں کولکاتہ میں تقریباً 18ہزار 680 کروڑ روپئے مالیت کے سڑکوں، ریلوے اور بندرگاہوں کے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ اِن پروجیکٹوں سے مغربی بنگال اور مشرقی بھارت میں ترقی کو نئی رفتار ملے گی۔

**S/B 2100 PM WB Projects**

وزیر اعظم نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ مرکزی سرکار، مغربی بنگال میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کو بھی

تیزی کے ساتھ وسعت دینے کیلئے ٹھوس کوششیں کر رہی ہے۔

**S/B 2100 PM on Railway**

وزیر اعظم نے جہاز رانی اور بندرگاہوں سے متعلق کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔جناب مودی نے کہا کہ اِس پہل سے باربرداری کی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی، بندرگاہ کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا اور تجارت میں سہولت کی خاطر نئی سہولیات قائم ہوں گی۔

**S/B 2100 PM on Ports**

بعد میں کولکاتہ میں تاریخی بریگیڈ پریڈ گراؤنڈ میں پریورترن سنکلپ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مغربی بنگال میں آئندہ ہونے والے اسمبلی انتخابات بنگال کے وجود اور اس کی آتما کا تحفظ کرنے کی ایک لڑائی ہے۔ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پر سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب مودی نے ترنمول کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ اپنی بنیاد اور دائرہ بڑھانے کی خاطر دراندازوں کی سرپرستی کر رہی ہے۔

**S/B 2100 PM Accuse**

وزیر اعظم نے یہ الزام لگایا کہ ریاستی سرکار نے BJP حامیوں کو ریلی کے مقام تک پہنچنے سے روکنے کیلئے پُلوں کو بند کرکے اور گاڑیوں کو روک کر ریلی کو ناکام بنانے کی کوشش کی۔ جناب مودی نے ترنمول کانگریس پر یہ الزام بھی عائد کیا کہ وہ سیاسی وجوہات سے آیوشمان بھارت اور PM کسان جیسی بہبود کی اسکیموں کے راستے میں رخنہ ڈالتی رہی ہے۔x

## VP Himachal Pradesh

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش نے ملک کی مسلح افواج کیلئے اہم تعاون کیا ہے اور اپنی مالا مال ثقافت، روایات اور پُرجوش مہمانوازی کیلئے ملک بھر میں اپنی پہچان بنائی ہے۔ نائب صدر جمہوریہ، دھرم شالہ میں ہماچل پردیش کی سینٹرل یونیورسٹی کے 9ویں جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کر رہے تھے۔ x

## Bihar Governor Oath

بہار میں لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ سید عطا حسنین نے ریاست کے 41ویں گورنر کی حیثیت سے حلف لیا ہے۔ پٹنہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سنگم کمار ساہو نے پٹنہ میں لوک بھون میں ایک تقریب میں اُنہیں عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ x

## Sonam Wangchuk NSA Revoked

حکومت نے سونم وانگ چُک کی نظر بندی کو منسوخ کر دیا ہے اور اِس کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ اُنہیں گزشتہ برس ستمبر میں نیشنل سکیورٹی ایکٹ NSA کے تحت نظر بند کیا گیا تھا۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ گزشتہ برس لیہہ شہر میں امن و قانون کی سنگین صورتحال پیدا ہونے کے تناظر میں سونم وانگ چُک کو نظر بند کیا گیا تھ۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ اُنہیں NSA کے ضابطوں کے تحت لیہہ کے ضلع مجسٹریٹ کی جانب سے جاری حکم کی بنا پر نظربند کیا گیا تھا، جس کا مقصد عوامی نظم و نسق برقرار رکھنا تھا۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ حکومت، لداخ میں امن و استحکام اور باہمی اعتماد کے ماحول کو برقرار رکھنے کیلئے عہد بستہ ہے تا کہ سبھی متعلقہ فریقوں سے تعمیری اور با معنی بات چیت میں سہولت پیدا ہو سکے۔ x

## Govt Briefing West Asia

بھارتی پرچم بردار دو بحری جہاز شوالِک اور نندادیوی آج صبح سویرے آبنائے ہرمز سے ہوتے ہوئے بحفاظت باہر نکل آئے۔ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گذرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے آج شام نئی دلّی میں بین وزارتی میڈیا بریفنگ کے دوران یہ جانکاری دی۔ انھوں نے بتایا کہ یہ بحری جہاز 92 ہزار 700میٹرک ٹن LPG لے کر آرہے ہیں۔ جناب سنہا نے مزید کہا کہ یہ بحری جہاز اِس مہینے کی 16اور 17 تاریخ کو Mundra اور Kandla بندرگاہ پہنچ جائیں گے۔

اِدھر پیٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے بتایا کہ کسی بھی خردہ مرکز یا LPG تقسیم کاری مرکز پر کسی طرح کی کوئی قلت نہیں ہے اور مناسب مقدار میں ڈیزل اور پیٹرول دستیاب ہے۔انھوں نے کہا کہ ملک میں خام تیل کا وافر اسٹاک موجود ہے۔ جوائنٹ سکریٹری نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ گھبراہٹ میں LPG سلنڈرس کی بکنگ کرنے سے گریز کریں اور ضرورت پڑنے پر ہی اِس کی بکنگ کرائیں۔

**S/B 2045 Sujata on LPG Supply**

محترمہ سُجاتا شرما نے بتایا کہ کمرشیل سلنڈر ریاستی سرکاروں کے اختیار میں دیئے گئے ہیں اور 29ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں کمرشیل سلنڈروں کی تقسیم شروع ہوگئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ LPG سلنڈرس کی کالابازاری اور اس کی ذخیرہ اندوزی کو روکنے کیلئے مختلف ریاستی سرکاریں چھاپے مارنے اور معائنہ کرنے کے کام انجام دے رہی ہیں۔گھریلو استعمال کیلئے سلنڈر کی بکنگ کرتے وقت صارفین کو ہونے والی مبینہ پریشانیوں کے بارے میں جوائنٹ سکریٹری نے کہا کہ شہری علاقوں میں سلنڈر ملنے کی تاریخ سے 25دن بعد ہی اگلا سلنڈر بک کیا جاسکتا ہے جبکہ دیہی علاقوں میں یہ وقفہ 45دن کا ہے۔ انھوں نے لوگوں سے زور دے کر یہ بھی کہا کہ وہ ڈیجیٹل طریقے سے اپنے سلنڈر بُک کرائیں اور اپنی ایجنسی یا تقسیم کار کے مرکز کے باہر قطار لگانے سے گریز کریں۔

ادھر وزارت خارجہ میں خلیج کے شعبے سے منسلک ایڈیشنل سکریٹری اسیم مہاجن نے بتایا کہ پچھلے مہینے کی 28 تاریخ کے بعد سے مغربی ایشیا کے خطے سے ایک لاکھ 72ہزار بھارتی شہری وطن واپس آچکے ہیں۔اِدھر اطلاعات ونشریات کی وزارت کے جوائنٹ سکریٹری Senthil Rajan نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی فرضی خبروں سے ہوشیار رہیں۔اِس دوران ہندوستان پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ HPCL نے کہا ہے کہ ملک میں کُل 15لاکھ سے زیادہ LPG سلنڈر دستیاب کرائے گئے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر HPCL نے یقین دلایا ہے کہ LPG کے تقسیم کار اور Bottling پلانٹس اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے لگاتار کام کر رہے ہیں کہ LPG لوگوں کے گھروں تک بلارکاوٹ پہنچے۔x

## US Embassy Attack Iraq

مغربی ایشیا محاذ آرائی میں لگاتار شدت آرہی ہے۔ ایران کے ساتھ اسرائیل اور امریکہ کی جنگ تیسرے ہفتے میں داخل ہوگئی ہے۔ خلیج کے خطے میں میزائل اور ڈرون حملے تیز ہوگئے ہیں۔

ایران کے Kharg جزیرے پر امریکہ نے فوجی ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے شدید بمباری کی ہے اور یہ دعویٰ کیا ہے کہ اِس کارروائی میں جزیرے پر ہر فوجی ٹھکانے کو پوری طرح تباہ کردیا گیا ہے۔ امریکہ کی مرکزی کمان نے کہا ہے کہ Kharg جزیرے پر حملوں میں تقریباً 90 فوجی ٹھکانے تہس نہس ہوگئے ہیں، جس میں بحریہ کی بارودی سرنگیں اسٹور کرنے کے ٹھکانے اور میزائل بنگر شامل ہیں۔

اس حملے کے بعد ایران کے سپاہِ پاسدرانِ انقلابِ اسلامی نے متحدہ عرب امارات کو وارننگ دی ہے کہ اُس کے علاقے میں موجود امریکی ٹھکانے اُس کیلئے جائز نشانے ہوسکتے ہیں۔

اِدھر کل رات عراق کے شہر بغداد میں امریکی سفارتخانے پر میزائل حملہ کیا گیا اور وسیع وعریض کمپاؤنڈ میں واقع Helipad اِس کی زد میں آگیا۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق امریکی سفارتخانے میں راڈار نظام کو نشانے بنانے کیلئے ایک خودکش ڈرون کا استعمال کیا گیا۔

ادھر لبنان میں ایک صحت مرکز پر اسرائیل کے حملے میں 12 طبی اہلکاروں کی موت ہوگئی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.........

### VC Vinod Kumar

*خارگ جزیرہ، ایران کی اقتصادی شہ رگ ہے، جو ملک کی خام تیل کی برآمدات کا تقریباً 90 فیصد ٹرمنل کے طور پر خدمات انجام دیتا ہے۔ ایرانی حکومت، تیل سے ہونے والی آمدنی پر بڑی حد تک انحصار کرتی ہے اور اِس کا زیادہ تر حصہ ایشیائی بازاروں کو خاص طور سے چین کو فروخت کیا جاتا ہے۔ اِس سلسلے میں کسی بھی طرح کی رکاوٹ سے، ملک کی اقتصادی مضبوطی اور فوجی کارروائیاں انجام دینے کی اُس کی صلاحیت کو خطرہ ہوسکتا ہے۔ یہ جزیرہ، آبنائے ہُرمز سے نزدیک ہونے کی وجہ سے بھی فوجی اہمیت کا حامل ہے۔ امریکی اہلکاروں کا کہنا ہے کہ ایران نے اِس جزیرے پر مراکز کا استعمال، خلیج میں بین الاقوامی جہاز رانی کے خلاف مربوط ڈرون اور میزائل حملوں کیلئے کیا ہے۔*

*ایرانی فوج نے اپنے مرکزی ہیڈکوارٹر کے ذریعے خبردار کیا ہے کہ توانائی کے اُس کے بنیادی ڈھانچے پر مزید حملے، خطے میں تیل اور توانائی کی اُن تنصیبات پر جوابی حملے کا جواز ہوں گے، جن کا تعلق امریکہ کو تعاون دینے والی کمپنیوں سے ہے۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ارجمند علی خان*

دوبئی میں بھارت کے قونصل جنرل نے مغربی ایشیا کے موجودہ حالات کی وجہ سے بھارت میں رُکے ہوئے غیرملکی افراد کیلئے معمول کے بھارتی ویزا اور ای–ویزا میں توسیع نیز مقررہ مدت سے زیادہ ٹھہرنے کا جرمانہ ترک کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر قونصل جنرل نے یہ جانکاری دی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ 28

فروری کے بعد متاثرہ غیر ملکی شہریوں کے مقررہ مدت سے زیادہ ٹھہرنے پر عائد ہونے والا جرمانہ ترک کردیا جائے گا۔اُدھر کویت میں بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ سفارتخانے میں سبھی خدمات معمول کے مطابق جاری ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ درخواستوں سے متعلق سفارتخانے کے چار مراکز کام کر رہے ہیں۔

ایمرجنسی کی صورت میں یا کسی طرح کی جانکاری حاصل کرنے کیلئے سفارتخانے سے دن رات کام کرنے والی ہیلپ لائن نمبر پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے، جو اِس طرح ہے:

پلس نو چھ پانچ، چھ پانچ پانچ صفر، ایک نو چار چھ۔

اِس کے علاوہ ای۔میل بھیج کر بھی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں، جو اس طرح ہے:

community.kuwait@mea.gov.in

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل چنڈی گڑھ، ہریانہ، مشرقی اترپردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے، ژالہ باری ہونے اور تیز ہوائیں چلنے کیلئے Orange الرٹ جاری کیا ہے۔

موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، اوڈیشہ، تلنگانہ، وِدربھ اور مغربی مدھیہ پردیش میں بھی اِسی طرح کا موسم رہنے پیشگوئی کی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں آر کے جینا منی نے کہا ہے کہ کل، قومی راجدھانی کیلئے بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کے تناظر میں Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

S/B: Jenamani

اس دوران جموں، کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان اور مظفر آباد میں بھی کل گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے، ژالہ باری ہونے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ x

## Rev World Para Athletics

ورلڈ پیرا اَتھلیٹکس گراں پری میں بھارت نے سب سے زیادہ 208 تمغے جیت کر بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ یہ تین روزہ مقابلے، کل نئی دلّی میں اختتام پذیر ہوئے۔ میزبان ملک بھارت نے سونے کے 75، چاندی کے 69اور کانسے کے 64 تمغے حاصل کیے۔ روس، 35 تمغوں کے ساتھ دوسرے مقام پر رہا، جبکہ بوسنیا اور Herzegovina تیسرے مقام پر رہا۔ اِن مقابلوں کے آخری روز بھارتی اَتھلیٹس نے ٹریک اینڈ فیلڈ مقابلوں میں بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا۔ x

## World Boxing Youth

چار بھارتی نوجوان مکّے باز، آج اپنے سیمی فائنل مقابلے جیت کر بینکاک میں ورلڈ باکسنگ فیوچرس کپ 2026کے فائنل میں پہنچ گئے۔ 51 کلوگرام کے زمرے میں چندریکا نے مراقش کی Rihab Hamdoune کو

ہرایا، جبکہ 48 کلوگرام کے زمرے میں گُنجن نے شمالی کوریا کی Yu Gyong Kim کو پانچ–صفر سے شکست دی۔ جوائے شری دیوی نے 54 کلو گرام کے زمرے میں میکسیکو کی Sofia Ramirez کو پہلے راؤنڈ میں ہی روک دیا اور 50 کلو گرام کے زمرے میں Ambekar Meetei نے ازبکستان کی مَلّے باز کو پانچ–صفر سے شکست دی۔ یہ ٹورنامنٹ اِس سال نومبر میں Senegal کے Dakar میں ہونے والے یوتھ اولمپک گیمز 2026 کیلئے کوالیفکیشن کا موقع بھی ہے۔ x

## Badminton

بیڈمنٹن میں Basel میں سوئس اوپن 300ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں بھارت کے Tharun Mannepalli نے انڈونیشیا کے Anthony Sinisuka سے تین سیٹوں میں سخت مقابلہ کیا، حالانکہ وہ کوارٹر فائنل میں ہار گئے۔ بھارتی کھلاڑی کو انڈونیشیا کے کھلاڑی نے اُنیس–اکیس، اکیس–اُنیس اور تیرہ–اکیس سے ہرایا۔ اِس شکست کے ساتھ اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆